دعائے سریع الاجابت

شیخ کفعمیؒ نے بلد الامین میں امام موسیٰؑ کاظم علیہ السلام سے مروی ایک دعا نقل کی ہے اور فرمایا ہے کہ یہ دعائے عظیم الشان اور جلد قبول ہونے والی ہے۔

برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

سیّدہ تمثیل زہراء بنت سید علی قنبر زیدی

جملہ مومنین و مومنات و شہدائے ملت جعفریہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ إِنِّیۡ أَطَعۡتُكَ فِیۡ أَحَبِّ الۡاَشۡیَاۂِ إِلَیۡكَ وَھُوَ

اے معبود! میں نے تیری اطاعت کی اس چیز میں جو تجھے بہت پسند ہے اور وہ تیری توحید

التَّوۡحِیۡدُ وَلَمۡ أَعۡصِكَ فِیۡ أَبۡغَضِ الۡاَشۡیَاۂِ إِلَیۡكَ

ہے اور تیری نافرمانی نہیں کی اس چیز میں جو تجھے سخت ناپسند ہے اور وہ کفر ہے پس بخش

وَھُوَ الۡكُفۡرُ فَاغۡفِرۡلِیۡ مَا بَیۡنَھُمَا یَا مَنۡ إِلَیۡهِ مَفَرِّیۡ

دے جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اے وہ جس تک میری دوڑ ہے مجھے امن دے اس

آمِنِّیۡ مِمَّا فَزِعۡتُ مِنۡهُ إِلَیۡكَ اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیَ الۡكَثِیۡرَ

سے جس کے ڈر سے میں تیری طرف آیا ہوں اے معبود! معاف کر دے جو میں نے تیری

مِنۡ مَعَاصِیۡكَ وَاقۡبَلۡ مِنِّیۡ الۡیَسِیۡرَ مِنۡ طَاعَتِكَ

بہت ہی نافرمانیاں کی ہیں اور قبول فرما میری تھوڑی اطاعت جو میں نے کی ہے

یَا عُدَّتِیۡ دُوۡنَ الۡعُدَدِ وَیَا رَجَائِیۡ وَالۡمُعۡتَمَدَ وَیَا كَھۡفِیۡ

اے ذخیروں کے مقابل میرے ذخیرہ اور میری امید گاہ اور سہارے اے میری پناہ گاہ

وَالسَّنَدَ وَیَا وَاحِدُ یَا أَحَدُ یَا قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ أَحَدٌ اللّٰہُ

اور اے پشت پناہ اور اے یگانہ اے یکتا اے کہ تیری شان ہے کہو اللہ ایک ہے اللہ بے

الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ

نیاز ہے نہ کوئی اس کا بیٹا ہے اور نہ وہ کسی کا فرزند ہے اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے میں تجھ سے

أَسْأَلُكَ بِحَقِّ مَنِ اصْطَفَيْتَهُمْ مِنْ خَلْقِكَ وَلَمْ تَجْعَلْ

سوال کرتا ہوں اس کے واسطے سے جسے تو نے اپنی مخلوق میں سے چنا ہے

فِي خَلْقِكَ مِثْلَهُمْ أَحَداً أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ

اور اپنی خلقت میں سے کسی کو ویسا قرار نہیں دیا کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آلؑ پر رحمت فرما

وَتَفْعَلَ بِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

اور مجھ سے وہ سلوک کر جو تیرے شایانِ شان ہے اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِالْوَحْدَانِيَّةِ الْكُبْرَى وَالْمُحَمَّدِيَّةِ الْبَيْضَاءِ

بواسطہ عظیم یکتائی کے اور بواسطہ محمدیت کی تابانی اور علویت کی بلندی کے

وَالْعَلَوِيَّةِ الْعُلْيَا وَبِجَمِيعِ مَا احْتَجَجْتَ بِهِ عَلَى

اور ان سب کے واسطے سے جن کو تو نے حجت قرار دیا ہے اپنے بندوں پر

عِبَادِكَ وَبِالْاِسْمِ الَّذِي حَجَبْتَهُ عَنْ خَلْقِكَ فَلَمْ

اور اس نام کے واسطے سے جو تو نے اپنی مخلوق سے پوشیدہ رکھا پس وہ ظاہر نہ ہو

يَخْرُجْ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَاجْعَلْ

وہ تیرے سوا کسی پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما

لِي مِنْ أَمْرِي فَرَجًا وَمَخْرَجًا وَارْزُقْنِي مِنْ حَيْثُ
اور میرے کام میں کشادگی پیدا کر اور راستہ بنا دے اور مجھے رزق دے
أَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا أَحْتَسِبُ إِنَّكَ تَرْزُقُ
جہاں سے مجھے توقع ہے اور جہاں سے مجھے توقع نہیں ہے بے شک تو جسے چاہے
مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ
بے حساب رزق دیتا ہے۔

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے